**12.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................کلیم احمد

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔ کل اِس مرحلے میں 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 96 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

☆ کل ہی آندھراپردیش اسمبلی کیلئے واحد مرحلے کی ووٹنگ ہوگی۔اُڈیشہ میں بھی 28 اسمبلی سیٹوں کیلئے کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار نے پچھلے دَس سال میں غریبوں کو بااختیار بنانے اور ان کیلئے مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

☆ جموں وکشمیر کے Reasi ضلعے میں سیکورٹی دستوں نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کا پتہ لگایا ہے اور بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود ضبط کیا ہے۔

☆ اورIPL کرکٹ میں آج چنئی سپرکنگز کا مقابلہ راجستھان رائلز سے ہوگا، جبکہ رائل چیلنجرز بنگلورو کی ٹیم ڈیلی کیپیٹلس کا سامنا کرے گی۔

اب خبریں تفصیل سے............

**LS Fourth Phase**

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت کل ہونے والی پولنگ کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اس مرحلے میں 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں لوک سبھا کی 96 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان میں آندھراپردیش کی 25 سیٹیں، تلنگانہ کی 17 ، اترپردیش کی 13 ، مہاراشٹر کی 11 ، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ ، بہار کی 5 ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار چار اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کی ایک سیٹ شامل ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے 717 امیدوار میدان میں ہیں۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی، جو شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔

کل ہی آندھراپردیش میں اسمبلی کی سبھی **175** سیٹوں کے لیے واحد مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اوڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے پہلے مرحلے میں کل **28** سیٹوں کے لیے پولنگ ہوگی۔

## Odisha first Phase election

اُڈیشہ میں کُل لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے تحت چار سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں کالا ہانڈی، کورا پُٹ، نَب رنگ پور اور برہام پور حلقے شامل ہیں۔اِس کے ساتھ ساتھ اُڈیشہ اسمبلی کی **28** سیٹوں کیلئے بھی ووٹنگ ہوگی۔ چار لوک سبھا سیٹوں کیلئے **37** امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، جبکہ **28** اسمبلی حلقوں کیلئے **243** امیدوار انتخاب لڑ رہے ہیں۔

## UP Poll Campaign

اُترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر آج انتخابی مہم میں شامل ہورہے ہیں۔ مرکزی وزیر اور **BJP** کے اعلیٰ رہنما امت شاہ نے رائے بریلی میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

اُترپردیش کے وزیراعلیٰ اور **BJP** کے سرکردہ لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ سیتا پور، بہرائچ اور امیٹھی ضلعے میں انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور کانگریس لیڈر راہل گاندھی بارہ بنکی میں آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں مشترکہ طور پر ایک ریلی سے خطاب کررہے ہیں۔

اکھلیش یادو بعد میں موہن لال گنج حلقے میں چناؤ مہم میں شامل ہوں گے، جو لکھنؤ ضلعے میں آتا ہے۔

اترپردیش کیلئے کانگریس پارٹی کے چناؤ اُمور کے انچارج اویناش پانڈے فیض آباد اور امبیڈکرنگر ضلعے میں پارٹی عہدیداروں کی میٹنگیں کریں گے۔

چھتیس گڑھ کے سابق وزیراعلیٰ اور کانگریس کے سرکردہ لیڈر بھوپیش بگھیل، رائے بریلی حلقے میں راہل گاندھی کیلئے انتخابی مہم میں شریک ہوں گے۔

## PM Interview

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ گزشتہ دَس سال کے دوران اُن کی سرکار نے غریبوں کو بااختیار بنانے اور اُن کے لیے مختلف موقعوں کو پھلنے پھولنے دینے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ ایک انگریزی اخبار کے ساتھ انٹر ویو میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے دنیا کو یہ دکھا دیا ہے کہ حقیقی ترقی ہر شہری کو بااختیار بنانا اور اُنہیں کامیاب ہونے کے لیے درکار وسائل فراہم کرنا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ پچھلے دَس سال میں **25** کروڑ افراد غربت کے دائرے سے باہر آگئے ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ

بھارت میں بے روزگاری کی شرح دنیا میں سب سے کم ہے۔ انھوں نے کہا کہ کروڑوں لوگوں نے پہلی مرتبہ اپنا کاروبار شروع کرنے کیلئے مُدرا قرضوں سے فائدہ اُٹھایا۔
جناب مودی نے کہا کہ اُن کی سرکار نے اوسط افراط زر کو گزشتہ ایک دہائی میں اُس کی سب سے نچلی شرح پر رکھا۔
وزیرِاعظم نے مزید کہا کہ اُن کی سرکار نے ایک ایسی مضبوط معیشت بنائی ہے، جو بھارت کے اگلے پچیس سال کیلئے ایک بنیاد کے طور پر کام کرے گی۔

**Add PM Interview**

ایک اخبار کے ساتھ ایک اور انٹرویو میں وزیرِاعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ اُن کی سرکار نے غریبوں کی بنیادی ضروریات پوری کرکے اُنہیں بااختیار بنانے اور جامع اصلاحات کے ذریعے ملک کی معیشت میں نئی جان ڈالنے کا مشن شروع کررکھا ہے۔
انہوں نے زور دے کر کہا کہ کووِڈ کے بعد کے دور میں دنیا میں بھارت کی بڑھتی ہوئی اہمیت سے لوگوں میں یہ نیا اعتماد پیدا ہوا ہے کہ یہ وقت بھارت کا ہے۔
جناب مودی نے مزید کہا کہ اِس چناؤ میں واضح اکثریت حاصل کرنے کے بعد اُن کی سرکار وِکست بھارت کا مقصد حاصل کرنے کے لیے کوششیں کرے گی۔ جناب مودی نے بتایا کہ بی جے پی اگلے پانچ سال کے لیے پہلے ہی ایک منصوبہ تیار کرچکی ہے۔

**J&K**

مرکز کے زیرِ انتظام علاقے جموں وکشمیر میں **Reasi** ضلع کے ایک جنگلاتی علاقے میں سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ایک ٹھکانے کا پتہ لگایا ہے اور بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود برآمد کیا ہے۔
سرکاری ذرائع کے مطابق آج صبح ماہور علاقے میں **Kot Budhan** کے جنگلوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران راشٹریہ رائفلز اور پولیس کی مشترکہ ٹیم نے دہشت گردوں کے اِس ٹھکانے کا پتہ لگایا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ کارروائی آخری خبریں ملنے تک جاری تھی۔

**Mothers Day**

آج دنیا بھر میں مدرس ڈے منایا جارہا ہے۔ یہ دِن ہر سال مئی مہینے کے دوسرے اتوار کو منایا جاتا ہے۔
مدرس ڈے بہت اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ یہ ماؤں کے احترام، اُن کی پریشانیوں اور اُن کے کام کے تئیں تشکر کے اظہار کی عکاسی کرتا ہے۔ مدرس ڈے پہلی مرتبہ **1908** میں منایا گیا تھا۔

## Badrinath Shrine

اتراکھنڈ کے چمولی ضلعے میں واقع مشہور بدری ناتھ مندر کے کپاٹ آج صبح ویدک رسومات کے ساتھ عقیدت مندوں کیلئے کھول دیے گئے۔ اِس موقع پر بڑی تعداد میں عقیدت مند بھی موجود تھے۔

بدری ناتھ مندر کے کپاٹ کھلنے کے ساتھ ہی، اتراکھنڈ کے سبھی چاروں دھام اب عقیدت مندوں کے لیے کھل چکے ہیں۔ اس سے پہلے، کیدارناتھ، یمنوتری اور گنگوتری مندر جمعہ کو کھولے گئے تھے۔

## Odisha Rain

اُڈیشہ کے کئی حصوں میں کل سے بارش ہورہی ہے۔ ریاستی راجدھانی بھوبنیشور اور کٹک سمیت ملحقہ علاقوں میں کل رات دیر گئے تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی۔ موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ بھوبنیشور میں کل رات 76 ملی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی، جو اِس سال شہر میں ہونے والی سب سے زیادہ بارش ہے۔ اُدھر پارادیپ میں 51 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی۔ موسمیات محکمے نے بارش کا سلسلہ بدھ کے روز تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

## Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے دو تین دِن کے دوران ساحلی آندھرا پردیش، یانم، تلنگانہ، اُڈیشہ، تمل ناڈو، پڈّوچیری، کرائیکل اور کرناٹک میں کہیں کہیں تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، انڈمان نکوبار جزائر اور جنوبی نیز شمال مشرقی خطے سمیت ملک کے بیشتر حصوں میں اگلے دو تین دِن کے دوران تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

اُدھر جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اگلے دو دن میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق آج اترپردیش اور راجستھان میں کہیں کہیں آندھی آنے اور بارش ہونے کا امکان ہے۔

قومی راجدھانی دلّی میں بھی آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ دلّی میں درجۂ حرارت 25 ڈگری سے لے کر 38 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہے گا۔

## IPL

IPL کرکٹ میں آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سُپر کنگز کا مقابلہ راجستھان رائلز سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ اُدھر بنگلورو کے ایم چنّاسوامی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے رائل چیلنجرز بنگلورو اور ڈیلی کیپیٹلس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

کل کولکاتہ میں کھیلے گئے میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ممبئی انڈینس کو 18 رَن سے ہرادیا۔

## Athletics

سلووینیا میں ایتھیلیٹکس چمپئن شپ میں نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کے ساحل Silwal نے سونے کا جبکہ وِکرانت ملِک نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ ساحل نے 77 اعشاریہ آٹھ-ایک میٹر کی دوری تک نیزہ پھینک کر سیزن کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ وِکرانت نے 75 اعشاریہ دو- آٹھ میٹر کی دوری تک نیزہ پھینک کر دوسرا مقام حاصل کیا۔ سلووینیا کے Filip Dominkovic تیسرے مقام پر رہے۔

## Wrestling Paris Olympics

اَمن سہراوت 2024 کے پیرس اولمپک کھیلوں کیلئے کوٹہ حاصل کرنے والے پہلے بھارتی مرد پہلوان بن گئے ہیں۔ ایشیائی چمپئن امن سہراوت نے ترکیہ کے شہر اِستنبول میں عالمی کُشتی اولمپک کوالیفائرس میں مردوں کے 57 کلو گرام کے فری اسٹائل زمرے میں پیرس کوٹہ حاصل کیا۔ انھوں نے سیمی فائنل میں کوریا کے Chongsong Han کو بارہ - دو سے ہرایا۔
اِس سے پہلے اَب تک پیرس اولمپک کھیلوں کیلئے پانچوں کوٹے بھارتی خاتون پہلوانوں نے حاصل کیے ہیں۔

## ISRO New Rocket

بھارت کی خلائی تحقیقی تنظیم، اسرو نے Additive Manufacturing Technology کے ذریعے بنائے گئے نئے Liquid Rocket Engine کا کامیاب تجربہ کیا ہے، جسے تمل ناڈو کے مہیندر گیری میں واقع اسرو کے Propulsion Complex میں کامیابی کے ساتھ انجام دیا گیا۔ ازسرنو ڈیزائن کیے گئے اس PS4 انجن میں 14 الگ الگ کُل پرزوں کی ضرورت نہیں پڑے گی اور یہ ایک ہی حصے پر مشتمل ہوگا اور اس میں 19 جوڑ بھی ختم کردیے گئے ہیں۔ اس سے ہر انجن میں استعمال ہونے والا خام مال بھی کافی کم ہوجائے گا اور Metal Powder پانچ سو 65 کلوگرام سے کم ہوکر 13 اعشاریہ سات کلوگرام ہوجائے گا۔ نیز اس کی تیاری میں لگنے والے وقت میں 60 فیصد تک کی کمی ہوجائے گی۔

☆☆☆